© rasailojaraid.com

## فرشتوں کا درود پانے والے اور لعنت پانے والے

مصنف: پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی

صفحات: 160 قیمت: 70 روپے

معیاری کمپوزنگ، عمدہ کاغذ دلکش جاذب نظر ٹائیٹل۔

ناشر: مکتبہ قدوسیہ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور۔فون 7230585

حضرت العلام ڈاکٹر فضل الٰہی صاحب وطن عزیز کے لکھے پڑھے علماء میں شمار ہوتے ہیں۔ ان کی علمی، تدریسی اور تصنیفی خدمات کا دائرہ وسعت پذیر ہے۔ ایک عرصہ دراز تک سعودی عرب میں رہ کر وہاں تدریس کا فریضہ ادا کر چکے ہیں۔

اب فیصل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد میں یہی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ نہایت فہیم اور صاحب ورع وعفاف انسان ہیں۔ اصلاح معاشرہ کا سچا جذبہ ان کے دل میں موجزن ہے۔ دو درجن کے قریب تحقیقی اور اصلاحی کتب لکھ کر شائع کر چکے ہیں۔ پیش نظر کتاب میں انہوں نے ایک ایسے اہم مسئلے کی نقاب کشائی کی ہے کہ جس پر عمل پیرا ہو کر فرشتوں کے درود کو پایا جا سکتا ہے اور ان کی لعنت سے خود کو دور رکھا جا سکتا ہے۔

ڈاکٹر صاحب نے کتاب کو دو مبحث میں منقسم کیا ہے۔ مبحث الاول میں ایسے امور ضبط تحریر میں لائے گئے ہیں جن سے فرشتے بندے کے حق میں دعائیں کرتے ہیں اس باب کے چند قابل توجہ عنوان یہ ہیں طہارت کی حالت میں سونے والے کیلئے فرشتے کا استغفار، نماز کے انتظار میں بیٹھنے والوں کیلئے فرشتوں کا درود، امام کے قرات فاتحہ کے اختتام پر فرشتوں کا درود، راہ خیر میں خرچ کرنے والے کو بہتر بدلہ ملنے کی فرشتے کی دعا، مریض کی عیادت کرنے والے پر فرشتوں کا درود۔

اور مبحث ثانی کے چند عنوان یہ ہیں،

صحابہ کرامؓ کے متعلق بدگوئی کرنے والے پر فرشتوں کی لعنت، مدینہ طیبہ میں ارتکاب بدعت کرنے یا وہاں بدعتی کو پناہ دینے والے پر فرشتوں کی لعنت، اہل مدینہ پر ظلم کرنے اور انہیں خوف زدہ کرنے والے پر فرشتوں کی لعنت، مسلمانوں کے عہد وامن کو توڑنے والے پر فرشتوں کی لعنت، ایمان لانے کے بعد پھر کفر اختیار کرنے والوں پر فرشتوں کی لعنت، شوہر کے بستر سے دور رہنے والی عورت پر فرشتوں کی لعنت۔ ان عنوانات پر ڈاکٹر صاحب نے تفصیل کے ساتھ روشنی ڈالی ہے اور قرآن وحدیث سے بہت سے دلائل کو پیش کر کے مسئلے کی وضاحت فرمائی ہے۔

اس انوکھی کاوش پر ڈاکٹر صاحب بجا طور تحسین کے لائق ہیں۔ ہم قارئین سے التماس کرتے ہیں کہ وہ اس اہم کتاب کو ضرور مطالعہ میں لائیں۔

## صفات المومنین

تالیف: سماحۃ الشیخ عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز

ترجمہ تخریج وترتیب: مولانا قاری سیف اللہ ساجد۔

صفحات: 88 قیمت: 36 روپے

ناشر: ساجد اسلامک ریسرچ سینٹر پاکستان دارالسلام السلفیہ کھڈیاں خاص ضلع قصور

زیر تبصرہ رسالہ شیخ عبدالعزیز بن بازؒ کا تالیف کردہ ہے۔ اس میں شیخ موصوف نے ان احادیث کو جمع کیا ہے۔ جو ایک مومن ومسلمان کی صفات کی عکاسی کرتی ہیں۔ اس رسالے میں مومنوں کی تیس صفات بیان کی گئی ہیں۔ ان میں اللہ پر ایمان، تمام رسولوں اور نبیوں پر ایمان فرشتوں پر ایمان، آسمانی کتابوں پر ایمان، یوم آخرت پر ایمان، عہد کی پابندی، نماز کی پابندی، اخلاق وکردار کی بلندی، مناہی منکرات سے کنارہ کشی جیسے اہم عنوانات پر داد تحقیق دی گئی ہے۔

آخر میں شیخ موصوف کا رسالہ جو کہ مسائل طہارت اور طریقہ نماز سے متعلق ہے۔ بھی ساتھ لگا دیا گیا ہے۔ اس سے کتاب کی افادیت اور بھی بڑھ گئی ہے۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ نوجوان عالم دین قاری سیف اللہ ساجد صاحب نے کیا ہے۔ ترجمہ بہت عمدہ اور سلیس ہے۔ کتاب کی طباعت بہت اعلیٰ اور قیمت مناسب ہے۔ ہر ساتھی کو چاہئے کہ وہ اس رسالے کو خود پڑھے گھر والوں کو پڑھائے اور احباب کو تحفے میں دے۔ ایسی کتب اصلاح معاشرہ میں اہم اور کلیدی رول ادا کرتی ہیں۔

## جمہوریت دین ابلیس

مصنف: ڈاکٹر سید شفیق الرحمٰن

صفحات: 114 قیمت: 80 روپے

ناشر: دارالتوحید والسنۃ رانا ٹاؤن ملتان روڈ لاہور

دین اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے

اس کی تعلیمات پاکیزہ ہیں اسے اپنا کر ہر انسان امن وسکون کی زندگی گزار سکتا ہے۔ انسانی زندگی کی ہر معاملے میں چاہے وہ خانگی ہو یا معاشرتی، ملکی ہو یا سیاسی، دینی ہو یا دنیاوی، اس کا تعلق اخلاق وکردار سے ہو یا حقوق ومعاملات سے ہر سلسلے میں راہ دکھائی ہے۔ سیاسی اعتبار سے دیکھا جائے تو اسلام نے مسلمانوں کو شورائیت کا نظام دیا ہے۔ حالات کی ستم ظریفی کہ مسلمانوں نے اس شورائی نظام کو چھوڑ کر مغربی جمہوریت کو اختیار کرنے میں عافیت سمجھی، امر واقعہ یہ ہے کہ یہود وہنود کے وضع کردہ اس نظام جمہوریت کی ریشہ دوانیوں سے آج وطن عزیز جس ابتری کے حالات سے دوچار ہے۔ وہ اہل خرد سے مخفی نہیں، ظلم وبربریت وخنجر کا دور دورہ ہے۔ آئے روز ڈاکہ زنی، گینگ ریپ، کرپشن، رشوت ستانی کے واقعات یہ سب اسی نظام کی برکات ہیں۔ بقیہ 42



© rasailojaraid.com